BARRICK

پریس ریلیز

NYSE : GOLD TSX : ABX

تمام رقوم امریکی ڈالر میں دی گئی ہیں

بیرک نے بلوچستان کو 3 ملین ڈالر کی پہلی ادائیگی کر دی

کوئٹہ، 31 جنوری 2023: بیرک گولڈ کارپوریشن (NYSE:GOLD)(TSX:ABX) نے ریکوڈک منصوبے کی نئی شراکت داری کے فریم ورک کے تحت بلوچستان کی صوبائی حکومت کو 3 ملین ڈالر (تقریباً 750 ملین پاکستانی روپئے) کی پہلی ادائیگی کر دی ہے۔ پچھلے مہینے حتمی معاہدوں پر دستخط اور ضروری قانونی تقاضوں کے پورا ہونے کے بعد بیرک اور حکومتِ بلوچستان نے حال ہی میں صوبے کیلئے مختص کردہ فنڈز کی ادائیگی کے ٹائم ٹیبل پر باہمی رضامندی ظاہر کی تھی۔

ریکوڈک پاکستان کے کنڑی مینیجر علی رند نے سیکرٹری مائنز اینڈ منرلز ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ بلوچستان سیدل خان لونی کو 3 ملین ڈالر کا چیک پیش کیا۔

نیا ریکوڈک معاہدہ پیشگی رائلٹی اور سماجی بہبود فنڈز کی مد میں کان سے پیداوار شروع ہونے سے پہلے ہی بلوچستان کی عوام کو معاشی و سماجی فوائد کی فراہمی کو یقینی بناتا ہے۔

یہ پراجیکٹ اپنی تعمیر کے عروج پہ متوقع طور پر تقریباً 7,500 افراد کو روزگار مہیا کرے گا اور پیداواری مرحلے کے آغاز میں تقریباً 4,000 طویل المدتی ملازمتوں کے مواقع پیدا کرے گا۔ بیرک اپنی کان کنی کے منصوبوں میں نہ صرف میزبان ملک کے مقامی افراد کو روزگار مہیا کرنے بلکہ مقامی سپلائرز کو بھی ترجیح دیتا ہے جس کے مقامی معیشت پر مثبت اثرات مرتب ہوں گے۔ صحت کی سہولیات میں بہتری، ماحولیاتی آلودگی سے بچاؤ، تعلیم کے شعبے میں ترقی، غذائی قلت کے خاتمے اور قابلِ استعمال پانی کی فراہمی کے منصوبوں پر ترجیحی بنیادوں پر کام کرنے کیلئے بیرک نے کمیونٹی ڈویلپمنٹ کمیٹیز کے قیام پر کام شروع کر دیا ہے۔

بیرک نے 2024 میں ریکوڈک کی فزیبلٹی رپورٹ اپڈیٹ مکمل کرنے کا ہدف مقرر کیا ہے اور 2028 تک باقاعدہ کان کنی کا آغاز متوقع ہے۔ فزیبیلٹی رپورٹ کی روشنی میں، روایتی اوپن۔پِٹ اور مِلنگ آپریشن کے تحت کان کنی کی جائے گی اور اعلیٰ معیار کے تانبے اور سونے کا کنسنٹریٹ حاصل کیا جائے گا۔ کان کی تعمیر دو مراحل میں مکمل ہو گی اور پہلے مرحلے میں پلانٹ تعمیر کیا جائے گا جس سے سالانہ تقریباً 40 ملین ٹن خام دھات کی پراسیسنگ ہو سکے گی اور یہ مقدار اگلے پانچ سالوں میں دگنی ہونے کی توقع ہے۔ ریکوڈک اس لحاظ سے ایک منفرد منصوبہ ہے کہ اس میں اعلیٰ معیار کی دھاتیں بڑے پیمانے پر اور کم گہرائی میں پائی جاتی ہیں جس سے آنے والی نسلیں کم از کم 40 سال تک مستفید ہوں گی۔

مزید معلومات کیلئے رابطہ کریں:

تعلقاتِ عامہ

Kathy du Plessis
+44 20 7557 7738
ای میل: barrick@dpapr.com
ویب سائٹ: www.barrick.com